SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
March 3, 2021

ایس ای سی پی ریگولیٹری مقاصد کے حصول، کاروباری استحکام اور تسلسل کے لیے کوشاں: عامر خان

اسلام آباد (مارچ 3) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن کے چیئرمین عامر خان نے کہا کہ ایس ای سی پی ریگولیٹری پالیسیوں میں مقصدیت اور تسلسل کے ذریعہ پاکستان میں ایک جدید، معاون اور شفاف کاروباری ماحول کی فراہمی کے لئے کوشش کر رہا ہے۔ وہ سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ ریسرچ چیلنج 2020-21 کی اختتامی تقریب سے آن لائن خطاب کر رہے تھے۔
سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ ریسرچ چیلنج ایک بین الاقوامی مقابلہ ہے جو کہ ہر سال یونیورسٹی کے طلباء کو مالیاتی تجزیہ، پیشہ ورانہ رہنمائی اور تربیت فراہم کرنے کے لئے منعقد کیا جاتا ہے۔ اس مقابلہ میں طلباء کی مالیاتی تجزیات اور رپورٹ مرتب کرنے کی مہارت کو جانچا جاتا ہے۔
موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی نے پاکستان کی فاتح ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ سی ایف اے کے اس مقابلہ میں ملائیشیا اور سنگاپور سے ٹیمیں شامل تھیں۔۔ انہوں نے ان علمی مقابلوں کے انعقاد سے طلبا کو مسابقت کے لیے تیار کرنے کی کاوشوں پر سی ایف اے سوسائٹی پاکستان کو سراہا۔ عامر خان نے کہا کہ تحقیق اور مالیاتی تحقیق کے ایسے علمی مقابلوں سے طلباء کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع ملتا ہے۔

چیئرمین عامر خان نے کہا کہ ایس ای سی پی ریگولیٹری فریم ورک میں شفافیت، مقامی مارکیٹوں کے فروغ اور کاروباری آسانیوں کی فراہمی کے لئے ٹیکنالوجی کے استعمال کے لئے، تسلسل سے اصلاحات کر رہا ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد پاکستان میں مالیاتی مارکیٹوں پر سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دینا اور مالیاتی شمولیت کو فروغ دینا ہے۔
موقع کی مناسبت سے چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان نے سی ایف اے کے طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے نصیحت کی کہ اپنے پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے ہمیشہ مثبت تبدیلی لانے کے لئے کوشش کرتے رہیں۔ انہوں نے مؤثر اور شفاف اور سازگار کاروباری ماحول کی تشکیل میں اخلاقی فیصلہ سازی کی اہمیت پر زور دیا اور طلباء کو پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے ہمیشہ مثبت تبدیلی لانے کے لئے کوشاں رہنے کا مشورہ دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005